# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 07 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷؍جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن کا آئندہ 22 جولائی سے آغاز۔

☆ مراٹھا سماج کے مطالبات تسلیم نہ کیے جانے پر سیاسی مؤقف اختیار کیا جائے گا: مراٹھا احتجاج کے روحِ رواں منوج جرانگے پاٹل کا انتباہ۔

☆ ’’مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہین‘‘ اسکیم کیلئے 31 اگست کے بعد کی درخواستوں پر بھی غور ہوگا؛ ہنگولی ضلع میں اس اسکیم سے متعلق رشوت خور گرام سیوک پر مقدمہ درج۔

☆ جالنہ ضلع کے بھوکردن میں غیر قانونی طور پر حمل کی تشخیص کے معاملے میں سونوگرافی مرکز پر چھاپہ؛ بوگس ڈاکٹر فرار۔

اور۔۔ ☆ تلجاپور- دھاراشیو ریلوے راستے کی تعمیر کا جلد آغاز ہوگا: رکنِ اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل کی اطلاع۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پارلیمنٹ کا بجٹ سیشن آئندہ 22 جولائی سے شروع ہوگا۔ 23 جولائی کو مالی سال 2024-25 کا بجٹ پارلیمنٹ میں پیش کیا جائیگا۔ پارلیمنٹ کا یہ اجلاس 12 اگست تک جاری رہےگا۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

میڈیکل میں داخلے کے مقابلہ جاتی امتحان NEET کی کاؤنسلنگ کی تاریخ اب تک ظاہر نہیں کی گئی ہے۔ تاہم میڈیا میں چلنے والی یہ خبر کہ کاؤنسلنگ کو آگے بڑھا دیا گیا ہے غلط ہے۔ مرکزی وزارتِ صحت نے یہ وضاحت کی۔

***** ***** *****

اناج وتقسیمِ عامہ کی مرکزی وزارت نے بتایا کہ ربیع موسم کی پیاز کے بازار میں آنے کے سبب اس کی قیمت کنٹرول میں آ رہی ہے۔ گذشتہ برس کے مقابلے میں رواں سال پیاز کی پیداوار میں کمی کے باوجود بازار میں یہ مناسب مقدار میں دستیاب ہے۔ وزارت نے مزید بتایا کہ اس بار کے ربیع موسم میں پیاز کی پیداوار ملک بھر میں 191 لاکھ ٹن ہوئی ہے۔ جو ملک کے صارفین کی ضرورت پوری کرنے کیلئے کافی ہے۔

***** ***** *****

بین الاقوامی امدادِ باہمی دِن کی مناسبت سے کل گجرات کے گاندھی نگر میں ’’سہکار سے سمرّدھی‘‘ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے اس موقع پر کہا کہ حکومت امدادِ باہمی شعبے کو ملک کی معیشت کا اہم ستون بنانے کیلئے مسلسل کاوشیں کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل ممبئی میں سرکاری اسکیمات اوراُن پرعمل آوری سے متعلق منعقد کیے گئے مہایوتی کے عہدیداروں کے ریاست گیر اجتماع کی رہنمائی کی۔اس موقع پرانھوں نے مہایوتی کے عہدیداروں سے ریاستی حکومت کی گذشتہ دوبرسوں کے دوران فلاحی اسکیمات گھر گھر پہنچانے کی اپیل کی‘ تاکہ آئندہ انتخابات میں مہایوتی کامیاب ہو۔اس اجتماع میں دونوں نائب وزرائے اعلیٰ دیویندراوراجیت پوارسمیت مہایوتی کے دیگر قائدین موجود تھے۔

***** ***** *****

ملک کی آٹوموبائل صنعت میں خرید وفروخت سات لاکھ کروڑ روپئوں سے بڑھ کر20لاکھ کروڑ روپئے ہوگئی ہےاورآنے والے وقت میں یہ ٹرن اوور50 لاکھ کروڑ تک لے جانے کی کوششیں جاری ہیں۔زمینی حمل ونقل اورشاہراہوں کے مرکزی وزیرنتن گڈکری نے کل ناگپورمیں ایک کمپنی کے افتتاح کے موقع پر یہ بات کہی۔اس پروگرام میں نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ ریاست میں سیمی کنڈکٹر منصوبوں کے قیام کیلئے چند کمپنیوں سے تبادلۂ خیال کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن سے متعلق حیدرآباد گیزٹ میں اگر کسی بھی ضلع کا ذکر موجود ہوتو ریزرویشن کیلئے اس سے فائدہ ہوگا۔اس سلسلے میں انتظامیہ سے معلومات لی جارہی ہے۔رکنِ پارلیمان اشوک چوہان نے یہ اطلاع دی۔مراٹھا ریزرویشن تحریک کے روحِ رواں منوج جرانگے پاٹل نے کل ناندیڑ میں اشوک چوہان سے ملاقات کی،جس کے بعد چوہان نے صحیفہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔انھوں نے بتایا کہ مراٹھا ریزرویشن تحریک کی سنواد یاترا کی کوئی بھی مخالفت نہیں کررہا ہے۔

***** ***** *****

اسی بیچ جرانگے پاٹل کی قیادت میں کل ہنگولی میں ریزرویشن سے متعلق عوامی بیداری کیلئے امن ریلی نکالی گئی۔اس موقع پرانھوں نے مراٹھا سماج کوکلی طور پرکنبی ذات کے صداقت نامے جاری کرنے کے اپنے مطالبے کودہرایا۔اس موقع پرانھوں نے مراٹھا سماج کے مطالبات تسلیم نہ کیے جانے پر سیاسی مؤقف اختیار کرنے کا انتباہ دیا۔لاکھوں کی تعداد میں مراٹھا سماج کےشہریان نے اس ریلی میں شرکت کی۔

***** ***** *****

ممبئی کے جوگیشوری میں منظرِ عام پرآئے زمین گھپلہ معاملے میں شیوسینا کے رکنِ پارلیمان رویندر وائیکر کے خلاف ممبئی پولس کی جانب سے تفتیش بند کرنے کی رپورٹ پیش کیے جانے کے بعد‘ کانگریس کے ریاستی صدرنانا پٹولے نے حکومت کوتنقید کا نشانہ بنایا ہے۔وہ کل ناگپور میں اخباری نمائندوں سے بات کررہے تھے۔انھوں نے الزام عائد کیا کہ وائیکر کوکلین چِٹ دینے کا مطلب یہ ہے کہ بی جے پی بدعنوان قائدین کی حمایت کرتی ہے۔

***** ***** *****

دھنگر سماج کے ایک وفد نے کل نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سے ملاقات کی اور پنڈھرپور میں اہلیہ بھون کی تعمیر کیلئے پانچ کروڑ روپئوں کی فراہمی سمیت دیگر مطالبات پیش کیے۔وفد نے انتباہ دیا کہ دھنگر سماج کے ان مطالبات کوتسلیم نہ کیے جانے پرآئندہ آشاڑھی ایکادشی کے موقع پر پنڈھرپور کے وِٹھل مندرکوبھیڑ بکریوں سے گھیر کراحتجاج کیا جائیگا۔

***** ***** *****

NEETامتحانات میں بدعنوانی کے معاملے میں مرکزی تفتیشی ایجنسی CBI کی تحویل میں موجود ملزم سنجے جادھوکوآٹھ جولائی تک‘ جبکہ دوسرے ملزم جلیل خان پٹھان کوآئندہ 14 دِنوں کیلئے عدالتی حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔ان دونوں ملزمان کی CBI تحویل کے خاتمے پرانھیں کل عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔اسی بیچ CBIنے عدالت کوبتایا کہ ملزم سنجے جادھو کے موبائل میں دلّی کے گنگادھرنامی شخص کا پتہ ملنے پراُسے آندھراپردیش سے گرفتار کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے امداد اور باز آباد کاری کے وزیر انل پاٹل نے کہا ہے کہ ''مکھیہ منتری لاڈ کی بہین'' ایک مسلسل جاری رہنے والی اسکیم ہے اور 31 اگست تک اگر کاغذی کارروائی مکمل نہیں کی گئی تو بعد میں داخل کی گئی درخواستوں پر بھی امداد دینے سے متعلق غور کیا جائیگا۔ وزیرِ موصوف کل نندور بار میں صحیفہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔ اس موقع پر انھوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ قانون ساز کونسل کے انتخابات میں راشٹروادی کانگریس کے دونوں امیدوار کامیاب ہوں گے' کیونکہ پارٹی کے پاس کاؤنسل میں ضروری عددی قوت موجود ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع میں ''مکھیہ منتری لاڈ کی بہین'' اسکیم سے استفادہ کرنے والی ایک خاتون سے 100 روپئے رشوت قبول کرنے والے ایک گرام سیوک کے خلاف جرم داخل کر دیا گیا ہے۔ کلمنوری تعلقے کے ڈونگر کڑا اور بھاٹے گاؤں کا گرام سیوک مکند گھن ساونت اس اسکیم سے استفادہ کرنے والی خواتین سے رہائشی صداقت نامے جاری کرنے کے بدلے غیر قانونی طور پر وصولی کر رہا تھا۔ اس تعلق سے ایک ویڈیو وائرل ہونے کے بعد تفتیش کی گئی۔ کلمنوری گرام پنچایت کے BDO لمباجی بارگیر کی شکایت پر مذکورہ گرام سیوک کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

پولس نے جالنہ ضلع کے بھوکردن میں واقع راجپوت سونوگرافی مرکز پر غیر قانونی طور پر حمل کی تشخیص اور اسقاطِ حمل کی شکایات موصول ہونے پر کارروائی کی۔ دلیپ سنگھ راجپوت نامی شخص حمل کی تشخیص کیا کرتا تھا جو بوگس ڈاکٹر نکلا۔ اس معاملے میں پولس نے اس مرکز کے تین ملازمین کو حراست میں لیا ہے۔ تاہم ملزم راجپوت فرار ہے۔ پولس کے ساتھ موجود طبّی دستے نے اس مرکز سے اسقاطِ حمل کے انجکشنز ' دو سونوگرافی مشینیں' ریاست بھر میں پھیلے دلالوں کی معلومات پر مبنی تحریر سمیت کم و بیش نو لاکھ روپئے ضبط کیے ہیں۔

***** ***** *****

شولا پور۔تلجا پور۔ دھاراشیو ریلوے راستے کے حصے تلجا پور۔ دھاراشیو کی تعمیر کو منظوری مل گئی ہے اور جلد ہی اس کام کا آغاز کیا جائیگا۔ رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے یہ اطلاع دی۔ 41 کلو میٹر طویل اس ریلوے راستے کی تعمیر کیلئے 487 کروڑ روپئوں کے خرچ کی تجویز ہے۔ اس ریلوے راستے کی تعمیر کے بعد دھاراشیو اسٹیشن ایک جنکشن بن جائے گا اور تلجا پور ریلوے اسٹیشن سے جڑنے کے بعد اس علاقے میں سیاحت اور روزگار کو فروغ ملے گا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن کا آئندہ 22 جولائی سے آغاز۔

☆ مراٹھا سماج کے مطالبات تسلیم نہ کیے جانے پر سیاسی مؤقف اختیار کیا جائے گا: مراٹھا احتجاج کے روحِ رواں منوج جرانگے پاٹل کا انتباہ۔

☆ ''مکھیہ منتری ماجھی لاڈ کی بہین'' اسکیم کیلئے 31 اگست کے بعد کی درخواستوں پر بھی غور ہوگا؛ ہنگولی ضلع میں اس اسکیم سے متعلق رشوت خور گرام سیوک پر مقدمہ درج۔

☆ جالنہ ضلع کے بھوکردن میں غیر قانونی طور پر حمل کی تشخیص کے معاملے میں سونوگرافی مرکز پر چھاپہ؛ بوگس ڈاکٹر فرار۔

اور۔۔ ☆ تلجا پور۔ دھاراشیو ریلوے راستے کی تعمیر کا جلد آغاز ہوگا: رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل کی اطلاع۔

***** ***** *****